جلد (۱۱)

نمبر (۳۵)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۴۸ھ مطابق ۲ ستمبر ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	تا صفحہ
۱	اخراج نام منشی رادھے شیام کلرک بجلی گھر۔	۱
۲	برخاستگی بابر بیگ مدرس مڈل۔	۲و۳
۳	توسیع مدت خدمت مسعود الدین مدرس۔	۳
۴	بحالی تنخواہ مدرسان۔	۵
۵	اضافہ نام [illegible] مدرس۔	۶
۶	بحالی تنخواہ [illegible] کلرک ہائی اسکول۔	۶
۷	برخاستگی [illegible] رام مدرس۔	۵
۸	تبادلہ اہلکاران اخبار۔	۶

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

مستقلی

۲۵ اگست ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ اخراج نام رادھے شیام کلرک بجلی گھر مشاہرہ دار [illegible] بوجہ عدم استحقاق رخصت مزید ایک سال از یکم اگست ۱۹۲۹ء و مستقلی منشی محمود احمد خان کلرک بجائے بمشاہرہ [illegible] جو ایام رخصت رادھے شیام میں عارضی بمشاہرہ [illegible] مقرر کیا گیا تھا یکم اگست ۱۹۲۹ء۔

حکم

بموجب رپورٹ رادھے شیام کلرک کا نام من ابتداء یکم اگست ۱۹۲۹ء ملازمت سے خارج کیا جائے۔ اور اسی تاریخ سے بجائے نامبردہ محمود احمد خان کلرک کو مستقل کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔

برخاستگی

۲۲ اگست ۱۹۲۹ء

بابر بیگ کو مدرسہ مڈل میں حال میں ملازم رکھا گیا ہے۔ بلحاظ انکی سند کے انکی تنخواہ بھی زیادہ مقرر کی گئی۔ مقصود یہ تھا کہ مڈل سیکشن کا کام بہتر ہو۔ لیکن اس تھوڑے تجربہ سے معلوم ہوا کہ یہ شخص کام کا نااہل ہے۔ انکی شکایتیں موصول ہوئی ہیں۔ ہیڈ ماسٹر کی رپورٹ پر بالکل عمل نہیں کیا۔ اور ہدایتوں کے جوابات

حث سکے۔ اس مدرس کے سپرد تاریخ کا مضمون ہے اگر طلبا اس میں کمزور رہے تو تینوں درجات کے نتیجے خراب ہو جائینگے۔ اس لئے مزید امتحان کے لئے اس مدرس کو رکھنا مناسب نہیں ہے۔ لہذا بابر بیگ مدرس مدرسہ مڈل کو برخاست کیا گیا۔

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
از منظوری

توسیع

۲۴ر اگست ۱۹۲۹ء

مسعود الدین مدرس مدرسہ سوریا جوا تحصیل ٹانڈہ کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۹ر ستمبر ۱۹۲۹ء سے آخر مارچ ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۴ر اگست ۱۹۲۹ء

بشیر الاسلام کا تبادلہ مدرسہ بھوٹ کی سے مدرسہ رواںٹہ کو اور سعادت نور خاں کا مدرسہ رواںٹہ سے مدرسہ بھوٹ کی کو کیا گیا۔ لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۴ر اگست ۱۹۲۹ء

بابر بیگ تنخواہ دار عسہ ماہوار ٹیچر مدرسہ مڈل برخاست کردیا گیا۔ رام بہروسہ لال انٹرنس پاس تنخواہ دار عسہ ماہوار کی تنخواہ میں ۵ر ماہوار کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ وہ بابر بیگ کی جگہ کام کریگا۔ اور رام بہروسہ لال کی جگہ سے عبد المجیب خان انٹرنس فیل کا تقرر عسہ ماہوار پر امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۹ر اگست ۱۹۲۹ء

حشمت علیخان امیدوار تنخواہ دار عسہ ماہوار و قاضی محمد علی کلرک ہائی اسکول تنخواہ دار عسہ ماہوار کا باہمی تبادلہ حسب رائے ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول اپنی اپنی موجودہ تنخواہ پر کیا گیا۔ حشمت علیخان بطور معاون کلرک ہائی اسکول میں دفتر اور لائبریری کا کام کریگا۔ لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۹ر اگست ۱۹۲۹ء

سالک رام مدرس چیلا تحصیل ملک کا کام خراب رہتا ہے۔ سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس کے ہر معائنہ میں اسکے کام کی شکایت رہی ہے۔ اور وہ غیر حاضر بھی پایا گیا ہے۔ لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نامبردہ برخاست کیا گیا۔ مدرسہ چیلا تحصیل ملک میں سے نظیر خان مدرس اول کیمری تحصیل بلاسپور جو بالفعل ۱۲ تنخواہ پارہا ہے اپنی موجودہ تنخواہ پر مدرسہ چیلا تحصیل ملک تبدیل کیا گیا۔ اگر نظیر خان کوشش سے کام کرکے مدرسہ کی حالت درست کریگا۔ اور بعد معائنہ سررشتہ انسپکٹری سے سفارش ہوگی تو اسکا تنزل معاف کرکے تنخواہ پوری کردیجائیگی۔ مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور میں مسمی ممتاز حسین مدرس اول بلاسپور کا تبادلہ کیا گیا۔ ممتاز حسین بدستور سے تنخواہ اور عہ ماہوار الاؤنس تاریخ ختم رخصت سے پائیگا۔ لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

تبادل

۲۵ر اگست ۱۹۲۹ء

مثل تحریر ایگزیکٹیو انجینئر صاحب بہادر متعلقہ تحت دربارہ تبادلہ اہلکاران

حکم

حسب سفارش ایگزیکٹیو انجینئر صاحب بہادر تبادلہ ملازمان منظور ہے۔ صدور احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

رپورٹ ایگزیکٹیو انجینئر صاحب بہادر۔ مورخہ ۲۲ر اگست ۱۹۲۹ء

۱۔ منشی محمد شریف پیشکار بجائے منشی مقبول حسین نائب علاقہ دار کے تبدیل کیا جائے۔ منشی محمد شریف نائب علاقہ داری کا کام انجام دیگا اور منشی مقبول حسین بطور پیشکار انجینئر صاحب کام کریگا۔

۲۔ منشی شفیق النبی امیدوار نہر بہگل پر بطور چینگ امین تبدیل کیا جائے اور بجائے اسکے جمیل الدین امین امیدواری کا کام انجام دے۔

۳۔ منشی کنہیا لال امیدوار علاقہ داری بلاسپور میں بطور امین تبدیل کیا جائے اور نوشہ علی امین بجائے کنہیا لال کے دفتر میں بطور امیدوار تعمیرات پر کام کرے۔

دستخط ایگزیکٹیو انجینئر صاحب بہادر۔